# آواز دو

# Early Warning System & Early Response Mechanism



## معیاری عملدرآمد کا طریقہ کار (SOPs)

یہ ہینڈ بک آواز دو پروگرام نے برٹش کونسل کے تعاون سے ترتیب دی ہے اس ہینڈ بک کا متن برٹش کونسل یا آواز دو پروگرام کی پالیسیوں یا خیالات کا عکاس نہیں ہے۔

# فہرست


| | |
|---|---|
| 1.تعارف | 01 |
| 1.1 آوازدو پروگرام | 01 |
| 1.2 معیاری عملدرآمدی طریقہ کار (SOPs) کا مقصد | 01 |
| 2.پیشگی وارننگ سسٹم اور فوری ردِ عمل کا طریقہ کار | 03 |
| 2.1 آوازدو پیشگی وارننگ سسٹم اور فوری ردِ عمل کا طریقہ کار | 03 |
| 2.2 پیشگی وارننگ سسٹم اور فوری ردِ عمل کا مرحلہ | 04 |
| 2.3 تحفظ کی فراہمی (Safeguarding) | 07 |
| 2.4 ڈیٹا کا تجزیہ اور رپورٹنگ | 08 |
| فارم اور انیکسز | 09 |
| انیکس B-انڈیکیٹرز اور سب انڈیکیٹرز | 12 |
| انیکس C-:پیشگی وارننگ سسٹم اور فوری ردِ عمل کے طریقہ کار کے انتظام میں شراکت داروں، AACs اور فورمز کے کردار | 13 |
| 1.ڈاؤن اسٹریم شراکت داروں کا کردار | 13 |
| 1.1 پیشگی وارننگ سسٹم اور فوری ردِ عمل کے طریقہ کار کا قیام | 13 |
| 1.2 اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ ہم آہنگی اور تعاون | 14 |
| 2. EWS-ERM میں دیہی / ویلیج فورم کا کردار | 16 |
| 3. AAC کا کردار | 16 |
| 4.صوبائی شراکت داروں کا کردار | 17 |
| 5.ڈیٹا کا تحفظ | 17 |
| 6.کوالٹی کنٹرول | 18 |

# 1۔ تعارف

موضوعاتی فوکس:

آوازدو صنفی امتیاز اور تشدد کے خاتمہ، بچوں کی شادی کا انسداد اور معاشرتی ہم آہنگی کے فروغ کیلئے سرگرم عمل ہے۔

ترجیحاتی گروپس:

- عورتیں
- نوجوان
- مذہبی اقلیتیں
- افراد باہم معذوری
- خواجہ سراافراد
- دیگر کمزور حیثیتی اور پسماندہ طبقات

## 1.1 آوازدو پروگرام

آوازدو پروگرام بچوں، عورتوں، نوجوانوں اور دیگر پسماندہ گروہوں کے حقوق کو فروغ دینے کے لیے خیبر پختونخواہ (کے پی) اور پنجاب میں مقامی لوگوں کے ساتھ کام کرتا ہے تاکہ ان کی بہبود کو استحکام اور سہولت فراہم کی جاسکے۔

برٹش کونسل آوازدو کے کمیونٹی شراکتی جزو کی فراہمی میں رہنمائی کررہی ہے جس کا مقصد کم عمر بچوں کی شادی کا انسداد، صنفی امتیاز اور تشدد کا خاتمہ، معاشرتی ہم آہنگی کے فروغ کیلئے شعوری بیداری، رویوں میں تبدیلی پیدا کرنا اور "شہری-ریاستی شراکت" کو فروغ دینا ہے۔

آوازدو کے پی اور پنجاب میں ضلعی اور صوبائی شراکت داروں (پارٹنرز) کے نیٹ ورک کے ذریعے کام کرتا ہے، جس میں سرکاری و غیر سرکاری سہولیات کے حصول اور لوگوں کی استعدادِ کار کو بڑھانے کیلئے معلومات کی فراہمی اور "شہری۔ریاستی شراکت" میں سہولت کاری شامل ہے۔ ان مقاصد کے حصول کے لیے اس پروگرام کے تحت آواز آگاہی سینٹرز (AACs) اور مقامی لوگوں اور دیہات پر مشتمل دیہی (ویلیج) فورمز (VFs)، ضلعی (ڈسٹرکٹ) فورمز (DFs) اور صوبائی فورمز (PFs) قائم کیے گئے ہیں۔ تمام فورمز میں حکومت اور سول سوسائٹی کی رکنیت ہے۔ عورتوں، مردوں، نوجوانوں (خاص طور پر پسماندہ اور کمزور طبقوں سے تعلق رکھنے والے) کو اِن فورمز کا حصہ بنایا جاتا ہے۔

## 1.2 معیاری عملدرآمد کا طریقہ کار (SOPs) کا مقصد

یہ SOPs پروگرام کے شراکت داروں، رضاکاروں اور فورم کے اراکین کو مختلف سطحوں پر قائم EWS اور ERM کے طریقہ کار اور انتظام میں سہولت فراہم کریں گے۔ ایس او پیز EWS اور ERM کی معمول کی کارروائیوں کو انجام دینے میں مرحلہ وار طریقہ کار اور رہنما خطوط کے طور پر کام کرتے ہیں۔ SOPs کی تیاری میں سادہ زبان، اعداد و شمار (Data) اکٹھا کرنے کے طریقہ کار اور ٹولز (tools)، اور انکا صارفین کے لیے 'استعمال میں آسان' ہونے کا خیال رکھا گیا ہے۔ SOPs اس بات کا جائزہ فراہم کرتے ہیں کہ متعدد ذرائع سے موصول ہونے والی پیشگی وارننگز کے لیے اعداد و شمار (Data) کو کس طرح استعمال کیا جائے اور کیسے فوری احتیاطی تدابیر کے لیے متعلقہ لوگوں اور اداروں کو ڈیٹا اور پیشگی وارننگز تجزیہ کے لیے مہیا کی جاسکیں۔

# 2۔ پیشگی وارننگ سسٹم اور فوری ردِ عمل کا طریقہ کار

## 2.1 آوازدو کا EWS-ERM

پروگرام کے اضلاع میں آوازدو کے مختلف فورمز ہیں جیسے دیہی فورم (VF) اور ضلع/ڈسٹرکٹ فورم (DF) اور آواز آگاہی سینٹر (AAC)۔ ہر EWS-ERM کے لیے مخصوص افراد کی نامزدگی دیہی فورمز سے کی جائے گی۔ آوازدو صنفی امتیاز اور تشدد کے خاتمہ، بچوں کی شادی کا انسداد اور معاشرتی ہم آہنگی کے فروغ اور کمیونٹی کے چھوٹے پیمانے کے تنازعات پر توجہ مرکوز کرے گا۔ آواز کمیونٹیز، اس کے رضاکاروں اور ACAs یا فورم کے اراکین میں سے کوئی بھی VF کے نامزد افراد (فوکل پرسن) کو SMS، WhatsApp اور فون کالز کے ذریعے وارننگ کی اطلاع دے سکتا ہے۔ اپنے تربیت یافتہ فوکل پرسنز اور رضاکاروں کے ذریعے DSPs اور PPs (Provincial Partners) کی ٹیم اخبارات، ویب سائٹس، سوشل میڈیا، نفرت انگیز تقاریر اور دیگر واقعات کی بھی نگرانی کرے گی۔

تمام فورمز اور AACs، کمزور حیثیت اور مذہبی عدم برداشت یا تنازعہ اور اس کے بڑھنے کے خطرے سے دوچار گروہوں کے لیے پیدا ہونے والے مسائل پر اپنی توجہ مرکوز رکھیں گے۔ دیہی فورمز کی جانب سے پیشگی وارننگز کی اطلاع متعلقہ AACs کو دی جائے گی تا کہ دیہی فورمز کے ذریعے اسکا جواب دیا جائے یا اگر فوری کارروائی کے لیے ضلعی انتظامیہ کو شامل کرنے کی ضرورت ہو تو اسے ضلعی فورمز بھجوایا جائے گا۔

اس پورے عمل کو سرانجام دینے کے لیے EWS میں ریکارڈ کی گئی معلومات کا تجزیہ کیا جاتا ہے، اور فوری کارروائی کے لیے رپورٹس ERM کو بھیجی جاتی ہیں۔



گھریلو تشدد پر EWS-ERM کو رپورٹ کریں

یہ کاروائی دو قسم کی ہو سکتی ہے:

a)پری ایمپشن - ان اقدامات یا مداخلت میں عدم برداشت سے نمٹنا اور تنازعات یا تشدد کو پھیلنے سے روکنا شامل ہیں۔

b)ازالہ - یہ مداخلت یا اقدامات ان حالات میں لیے جاتے ہیں جہاں پہلے ہی عدم برداشت یا تنازعہ موجود ہو اور مقصد یہ ہو کہ اسے مزید بگڑنے سے روکا جائے اور اسے ختم کرنے کی کوشش کی جائے۔

نوٹ: کچھ اور معلومات بھی ہوں گی جیسے بچوں کی شادیوں، بچوں کے ساتھ بد سلوکی، بیوی کو مار پیٹ وغیرہ کی وارننگ جو کہ EWS کو موصول ہوئی ہوں اور جو آوازدو کے دائرہ کار سے باہر ہوں - ایسی صورت میں پروگرام خود کوئی مداخلت نہیں کرے گا، بلکہ انہیں متعلقہ اداروں کو بھیجے گا جیسے چائلڈ پروٹیکشن یونٹ، محکمہ صحت وغیرہ۔

ERM کو آوازدو کی دیہی، ضلعی اور صوبائی فورمز سے منسلک کیا جائے گا۔ کمیونٹی کی سطح پر ضرورت مند افراد ضرورت پڑنے پر متعلقہ سرکاری اداروں اور اہلکاروں کے ساتھ منسلک ہوسکتے ہیں۔ EWS کا استعمال لوگوں میں معاشرتی ہم آہنگی کے فروغ کے لیے کیا جاتا ہے۔

آوازدو عورتوں کی شرکت پر خاص زور دیتا ہے۔ یہ EWS اور ERM پر بھی لاگو ہوتا ہے۔ اسی طرح EWS-ERM کے لیے ہر دو فوکل پرسنز میں سے ایک خاتون ہے۔

EWS-ERM تنازعات کا ایک متبادل حل (ADR) نہیں ہے بلکہ ایسے مسائل کے شکار لوگوں اور ان مسائل کے حل کے لیے ذمہ دار متعلقہ اداروں اور نظام کے درمیان ایک ثالث کا کردار ادا کرتا ہے۔

## 2.2 پیشگی وارننگ اور فوری رد عمل کا مرحلہ

جیسا کہ خاکہ نمبر 2 میں دکھایا گیا ہے، VFs اپنے تربیت یافتہ اراکین، نوجوان رضاکاروں (ACAs) اور کمیونٹی کے دیگر اراکین سے موصول ہونے والی پیشگی وارننگ پر فوری طور پر ERM کو متحرک کردے گی۔ VF کی سطح پر اراکین ہر وارننگ کے لیے ایک مناسب رد عمل کا طریقہ کار منتخب کریں گے، اور متعلقہ اداروں اور لوگوں کو بروقت مطلع کریں گے۔ ERM کو متعلقہ اداروں کی جانب سے فوری رد عمل کی سہولت فراہم کرنے کے لیے تشکیل دیا گیا ہے۔ ہر سطح پر اقدامات کرنے اور اعدادوشمار (ڈیٹا) وصول کرنے، جمع کرنے اور ریکارڈ کرنے کے لیے ذمہ دار نامزد افراد اور ان کی ذمہ داریوں کی تفصیلات ذیل میں درج ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ پیشگی وارننگ اور متعلقہ رد عمل کے لیے اقدامات بھی اس تفصیل سے واضح ہوتے ہیں:

# دیہی فورم کو موصول ہونے والی پیشگی وارننگ

**پہلا قدم:**

کمیونٹی سے موصول ہونے والی پیشگی وارننگ VF کے فوکل پرسن یا AAC کو بھجوادی جاتی ہے۔ فوکل پرسن فارم نمبر A پُر کر کے آگاہی سنٹر کو بھیج دیں گے۔

**دوسرا قدم:**

فوکل پرسنز اپنی ذاتی معلومات اور کمیونٹی میں اپنے رابطوں کے ذریعے جہاں یہ واقعہ پیش آیا یا ہونے والا ہو رپورٹ کی صداقت کی تصدیق کریں گے۔

# دیہی / ویلج فورم میں فوری ردِ عمل

**پہلا قدم:**

سب سے پہلے، VF میں فورم کے اراکین مقامی سطح پر اس مسئلے کو حل کرنے کی کوشش کریں گے۔ VF کی سطح پر ابتدائی وارننگ سے نمٹنے کے لیے ممکنہ حل اور مقامی ڈھانچے یا سہولیات کی نشاندہی کرنے کے لیے فورم کے اراکین سے مشورہ کریں گے۔ VF حفاظتی اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے اس معاملے کو خوش اسلوبی سے حل کرنے کے لیے کارروائی کرے گا۔ مسئلہ حل ہونے کے بعد فوکل پرسنز اس کے ریکارڈ کے لیے فارم نمبر ا میں اضافی معلومات تحریر کریں گے جو کہ مزید ریکارڈ کے لیے آگاہی سنٹر کو بھی مہیا کیا جائے گا۔

**دوسرا قدم:**

آگاہی سنٹر میں ریسورس پرسنز (RP) کی ذمہ داری فارم نمبر A پر فورم کے اراکین سے ڈیٹا وصول کرنے اور جمع کرنے کی ہوگی۔ اور اس معلومات کو ریکارڈ (یا ڈیٹا بیس) میں رکھنے کے لیے ضلعی ٹیم / کمیونٹی سہولت کار کو بھجوایا جائے گا۔

**تیسرا قدم:**

اگر مسئلہ VF / AAC کی سطح پر حل نہیں ہو سکے تو، فارم نمبر A میں درج اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے پیشگی وارننگ، کمیونٹی سہولت کار کو بھیج دی جائے گی۔

**چوتھا قدم:**

فارم نمبر B کا استعمال کرتے ہوئے ضلعی ٹیم کی طرف سے پیشگی وارننگ DF تک پہنچائی جائے گی۔

## خاکہ نمبر 2:

### ویلیج فورم (VF)

- فوکل پرسنز (FPs) کو ACAs اور کمیونٹی اراکین کی جانب سے پیشگی وارننگز موصول ہوتی ہیں۔
- FPs وارننگ کے بارے میں مزید معلومات کی تصدیق اور جمع کرتے ہیں اور فارم #A پر AAC کو رپورٹ کرتے ہیں۔
- VF مقامی نظام کی مدد سے پیشگی وارننگ کو حل کرنے کیلئے کاروائی کرتا ہے اور AAC کو اس کی اطلاع دیتا ہے۔

### آواز آگہی سینٹر (AAC)

وہ وارننگز جن پر VF کی سطح پر عملدرآمد نہیں ہو سکا ان کا مزید تجزیہ کیا جاتا ہے اور فارم #B کا استعمال کرتے ہوئے DSP کے ذریعے DF تک پہنچادیا جاتا ہے۔

### ڈسٹرکٹ فورمز (DF)

- DF متعلقہ سرکاری محکمے اور اہلکاروں کے ساتھ وارننگ پر ردِ عمل دیتا ہے۔
- DF پر دی گئی وارننگز DSP اور AAC کو واپس رپورٹ کی جاتی ہیں۔
- وہ وارننگز جن پر DF کی سطح پر عملدرآمد نہیں ہو سکا انہیں صوبائی سطح پر پیش رفت اور متعلقہ اداروں سے گفتگو کے لیے صوبائی فورمز تک پہنچایا جاتا ہے۔

# ضلعی فورم میں فوری ردِ عمل

ان فوری جوابی اقدامات کو درج ذیل حصے میں مزید تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔ اس مرحلے میں، ضلعی ٹیم کے ہر رکن کی طرف سے درج ذیل اقدامات کرنے، دستخط کرنے اور متعلقہ اداروں اور اہلکاروں کو ابتدائی وارننگ کی تفصیلات مہیا کرنے کے بارے میں بتایا گیا ہے۔

**پہلا قدم:**

(پیشگی وارننگ کی تیاری): تصدیق شدہ رپورٹ ہوئے کیسز کے تجزیے کے بعد، پروجیکٹ کوآرڈینیٹر AAC کی طرف سے VF کو (فارم #B کا استعمال کرتے ہوئے) بھیجی گئی بنیادی معلومات سے پیشگی وارننگ تیار کرے گا۔

**دوسرا قدم:**

(پیشگی وارننگ پر دستخط): پیشگی وارننگ تیار ہونے کے بعد، پروگرام مینیجر فارم #B کا جائزہ لے گا اور اسے متعلقہ اداروں اور اہلکاروں تک پہنچانے سے پہلے اس کی منظوری دے گا۔

**تیسرا قدم:**

(پیشگی وارننگ کی ترسیل): پراجیکٹ کوآرڈینیٹر یا پروگرام مینیجر جو ابتدائی وارننگ آگے پہنچانے کے ذمہ دار ہوں گے ان کو دو اہم نکات کو ذہن میں رکھتے ہوئے ان وارننگز کو پیش کرنے میں بہت محتاط رہنا چاہیے، یعنی متعلقہ اداروں / اہلکاروں کا انتخاب اور وقت کا تعین۔

**متعلقہ اداروں اور اہلکاروں کا انتخاب:** اس مرحلے میں EWS کو مختلف نیٹ ورکس اور روک تھام کے طریقہ کار سے منسلک کیا جائے گا۔ ہر DSP کے پاس دستیاب ریفرل ڈائریکٹری متعلقہ متعلقہ اداروں سے رابطے کی تفصیلات اور موجود سہولیات کی معلومات فراہم کرتی ہے۔ پراجیکٹ کوآرڈینیٹر / پروگرام مینیجر متعلقہ اداروں اور اہلکاروں کا انتخاب کرے گا اور فارم نمبر B میں دیے گئے نمونے کے پر پیشگی وارننگ تیار کر کے بھیجے گا۔

**وقت کا تعین:** پیشگی وارننگ کی متعلقہ اداروں اور اہلکاروں تک بھیجنے کا وقت بہت اہم ہے۔ پیشگی وارننگ آگے بھیجنے میں تاخیر سے ناقابل تلافی نقصان ہو سکتا ہے۔ دستیاب معلومات پر مبنی بروقت فیصلہ جانوں کے بچاؤ اور عوامی تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے بہت ضروری ہے۔

## 2.3 تحفظ کی فراہمی (Safeguarding)


EWS-ERM معاشرے کے کمزور اور پسماندہ طبقات کے ساتھ مصروف عمل رہے گا، خاص طور پر وہ لوگ جو اپنے ماحول سے باہر میل جول رکھنے میں تجربہ نہیں رکھتے۔ لہذا، یہ ضلعی پارٹنر اور فیلڈ ٹیم کی ذمہ داری ہے کہ وہ ایک محفوظ ماحول پیدا کریں تاکہ یہ افراد اور گروہ اپنی کمیونٹیز میں EWS-ERM کو چلاتے ہوئے مطمئن اور محفوظ محسوس کریں۔

آوازدو کے تحت، ایک سیف گارڈنگ فوکل پوائنٹ (Safeguarding Focal Point) ہر سطح پر حفاظتی اصولوں کے نفاذ کو یقینی بنانے کا ذمہ دار ہو گا۔ DSP، فیلڈ ٹیم اور EWS-ERM سسٹم سے منسلک افراد کو حفاظتی اصولوں کے نفاذ کے بارے میں واقفیت اور جامع تربیت ملے گی۔



ویلج فورم کا اجلاس جس میں مختلف خدمات کے مطالبات پر تبادلہ خیال کیا جا رہا ہے

## 2.4 ڈیٹا کا تجزیہ اور رپورٹنگ




**پہلا قدم:** واقعہ کی رپورٹس ڈیٹا بیس میں ریکارڈ کرنے کے بعد، ضلعی ٹیم کا پروجیکٹ کوآرڈینیٹر ریکارڈ شدہ کیسز کی تصدیق کرنا شروع کر دے گا۔

**دوسرا قدم:** پروجیکٹ کوآرڈینیٹر انڈیکیٹرز / سب انڈیکیٹرز کی تشریح کر کے معلومات کا تجزیہ کرے گا اور ان حالات کا جائزہ لے گا جس میں واقعہ پیش آیا۔ پیشگی اقدامات کے لیے حفاظتی اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے سفارشات کی نشاندہی اور شریک فریقین سے مشاورت کی جائے گی۔

**تیسرا قدم:** اگر اطلاع دی گئی وارننگ پیچیدہ ہے اور مزید جانچ پڑتال کی ضرورت ہے، تو ڈسٹرکٹ ٹیم اگلے مرحلے پر جانے سے پہلے رہنمائی کے لیے ڈسٹرکٹ فورم، صوبائی قیادت یا PMU ٹیم سے مشورہ کر سکتی ہے۔

پارٹنر اداروں سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ ایکسل شیٹ میں تیار کردہ اپنے ڈیٹا بیس سے حاصل کردہ معلومات کے ساتھ ماہانہ پیش رفت رپورٹس (MPR) اور سہ ماہی پیش رفت رپورٹس (QPR) باقاعدگی سے جمع کرائیں گے۔ ڈیٹا بیس (انکس بی) میں رپورٹ کردہ اور ریکارڈ شدہ ڈیٹا کو ماہانہ بنیادوں پر ڈاؤن لوڈ کیا جائے گا۔ ڈیٹا بیس میں آوازدو کی ترجیحات سے متعلق وارننگز شامل ہوں گی۔ یہ مختلف رپورٹس کے لیے PMU کے ڈیٹا کے مزید تجزیے میں معاونت کرے گا۔

اعداد و شمار کو دو اہم رپورٹس کے تیار کرنے کے لیے استعمال کیا جائے گا، جیسا کہ (i) متعلقہ اداروں سے پالیسی کی سطح پر یا اسی سطح کی انتظامی تبدیلیوں پر بات چیت کرنے کے لیے مختلف میعاد (periodical) کی مختصر رپورٹس، (ii) فالو اپ، نگرانی اور تبدیلی کو جانچنے کے لیے صورت حال کی ماہانہ / سہ ماہی رپورٹ۔ مختلف صورتحال کی رپورٹس تیار کرنے کے لیے EWS-ERM ڈیٹا کا تجزیہ کیا جائے گا۔ یہ رپورٹس تشخیص اور تخفیف کی منصوبہ بندی میں بھی مدد کریں گی۔

## فارم اور انیکسز

- فارم نمبرA(منسلک ہے)
- فارم نمبرB(منسلک ہے)
- انیکس – Aانڈ یکیٹرز اور سب انڈ یکیٹرز (منسلک ہے)
- انیکس – Bڈیٹابیس
- انیکس – Cشراکت داروں، AACs اور فورمز کا کردار

## فارم نمبرA(پیشگی وارننگ رپورٹ)

SMS/WhatsApp کے ذریعے موصول ہونے والی وارننگ کو معلومات کی تصدیق سے پہلے فارم نمبرA فارمیٹ کے ذریعے رپورٹ کیا جائے گا۔

**حصہ 1 (پیشگی وارننگ کی تفصیلات)**

1. صوبہ
2. ضلع
3. تحصیل
4. یونین کونسل / دیہی یا ہمسایہ (Neighbourhood) کونسل
5. پیشگی وارننگ کی موصولی (مقام، گاؤں، محلہ، یا قصبہ)
6. موصول ہونے والی پیشگی وارننگ کی تاریخ اور وقت
7. واقعہ کی قسم (برائے مہربانی منسلک انیکس اے (Annex-A) سے انڈ یکیٹرز اور سب انڈ یکیٹرز کو منتخب کریں)
8. واقعے کی مختصر رپورٹ اور تنازعہ / مسئلے کی وجہ

**حصہ 2 (VF کی سطح پر کی گئی کارروائی)**

9. VF کی سطح پر تنازعہ کو پہلے سے حل کرنے کے لیے کی گئی کارروائی. ہاں _____ نہیں _____

(اگر نہیں، تو کیا فارم B پُر کیا گیا ہے اور آواز ڈسٹرکٹ ٹیم / ڈی ایف کو بھیج دیا گیا ہے: ہاں ______ نہیں ______)

10. اگر ہاں، تو تنازعہ کو ختم کرنے کے لیے کی گئی کارروائی کی مختصر تفصیل

١١. کئے گئے اقدامات میں شامل شرکاء کی تعداد

| مرد | عورت | خواجہ سرا افراد | مذہبی اقلیتیں | افراد باہم معذوری | ٹوٹل |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

12. فوری طور پر مستفید ہونے والے افراد کی تعداد

| مرد | عورت | خواجہ سرا افراد | مذہبی اقلیتیں | افراد باہم معذوری | ٹوٹل |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

13. جمع کرائی گئی رپورٹ (AAC RP کا نام اور رابطہ نمبر)

## فارم نمبر B (پیشگی وارننگ میں اضافہ)

**حصہ 1 (پیشگی وارننگ کی تفصیلات)**

1. واقعہ / مسئلہ کی قسم (انڈیکیٹرز اور سب انڈیکیٹرز)
2. موصول ہونے والی پیشگی وارننگ کی تاریخ، وقت اور جگہ
3. واقعے کی مختصر رپورٹ، اس کی وجوہات، اس سے ہونے والے نقصانات
4. مستقبل کا ممکنہ منظر نامہ اور مزید نقصان سے بچنے کیلئے پہلے سے کارروائی کیلئے موقع کی گنجائش (برائے مہربانی اس فارم کے ساتھ ایک صفحہ یا اس سے زیادہ کی رپورٹ یہاں منسلک کریں)
5. ممکنہ نقصان سے بچنے کیلئے کئے جانے والے ممکنہ اقدامات

منتخب طریقہ کار / آپشن 1:

---

منتخب طریقہ کار / آپشن 2:

---

منتخب طریقہ کار / آپشن 3:

---

پروجیکٹ کوآرڈینیٹر کا نام جسنے فارم نمبر B کا مسودہ تیار کیا۔

آواز آگاہی سنٹر کی رابطہ تفصیل۔

**حصہ 2( DF سے کئے گئے اقدامات)**

6. ممکنہ نقصان سے پیشگی بچاؤ کے لیے DF کی سطح پر کئے گئے اقدامات( DF اور متعلقہ اداروں اور اہلکاروں کی طرف سے کارروائی کے بعد درج کئے جائیں گے) ہاں____نہیں____

7. اگرہاں،تو DF کی سطح پر تنازعات کے پیشگی خاتمے کے لیے کی گئی کارروائی کی مختصر تفصیل

8. کئے گئے اقدامات میں شامل شرکاء کی تعداد

| مرد | عورت | خواجہ سراافراد | مذہبی اقلیتیں | افرادباہم معذوری | ٹوٹل |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

فوری طور پر مستفید ہونے والے افراد کی تعداد

| مرد | عورت / عورتیں | خواجہ سراافراد | مذہبی اقلیتیں | کسی معذوری کے حامل افراد | ٹوٹل |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

رپورٹ کیا گیا-------------------------------------کی جانب سے

## انیکس B - انڈیکیٹرز اور سب انڈیکیٹرز

### 1 سماجی ہم آہنگی کے انڈیکیٹرز / سب انڈیکیٹرز

انڈیکیٹرز

صنفی بنیاد پر تشدد

- گھریلو بد سلوکی، عوامی جگہ / کام کی جگہ پر جنسی طور پر ہراساں کرنا، جنسی خواہش کی نیت سے حملہ، بچوں کی شادی، بچوں کے ساتھ بد سلوکی، انتقامی قتل، غیرت کے نام پر قتل وغیرہ جو متعدد خاندانوں اور کمیونٹی کی کثیر تعداد کو شامل کرنے اور سماجی ہم آہنگی اور امن کو متاثر کرنے کا باعث بن سکتے ہیں۔

**مذہبی اقلیتوں کے خلاف عدم برداشت** جو ایسے تشدد کا باعث بن سکتی ہو جو بڑی کمیونٹی کو اپنی لپیٹ میں لے لے۔

- مسیحی
- ہندو
- سکھ
- دیگر

**فرقہ وارانہ عدم برداشت کے واقعات** جو ایسے تشدد کا باعث بن سکتے ہوں جو بڑی کمیونٹی کو اپنی لپیٹ میں لے لے۔

- اہل تشیع
- بریلوی
- دیوبندی
- دیگر

**کمیونٹی میں تنازعات / جھگڑے**

**زمین / پانی / وسائل / آفات کی امداد (آفات سے نمٹنے کیلئے امداد کی تقسیم یا کاروائیوں) پر تنازعات**

- زمین، پانی اور دیگر قدرتی وسائل پر تنازعات جو ایسے تشدد کا باعث بن سکتے ہوں جو بڑی کمیونٹی کو اپنی لپیٹ میں لے لے۔
- ڈیزاسٹر ریلیف پر تنازعات جو وسیع تر کمیونٹی تنازعہ کا باعث بن سکتے ہیں۔

**جائیداد**

- وراثت / زمین / رہائشی / تجارتی عمارتوں کی ملکیت پر تنازعہ، جائیداد سے حاصل ہونے والی آمدنی، جائیداد کی بڑھوتری یا غیر قانونی تجاوزات جو خاندان سے باہر بڑی برادری تک پھیلنے کا باعث بن سکتے ہیں۔

**خاندانی تنازعات:** جیسے شادی / رشتہ، بچوں کی تحویل یا طلاق وغیرہ کا معاملہ، جو خاندان سے باہر ایک سے زیادہ خاندانوں اور بڑی برادری تک پھیلنے کا باعث بن سکتے ہیں

**سیاسی / انتخابی**

- سیاسی وابستگی اور انتخابی عمل کے دوران تشدد پر تنازعات جو متعدد افراد پر مشتمل بڑی کمیونٹی تک پھیلنے کا باعث بن سکتے ہیں۔

**نوٹ:** قبل از وقت وارننگ سسٹم بچوں کی شادیوں اور ان کے خلاف ابتدائی انتباہات موصول ہونے پر تشدد کے معمولی گھریلو مسائل کو بھی روک دے گا۔

# انیکس-C: پیشگی وارننگ سسٹم اور فوری ردِ عمل کے انتظام میں شراکت داروں، AACs اور فورمز کا کردار

## 1. آوازدو کے پارٹنر اداروں کا کردار

EWS-ERM کو تشکیل دینے اور EWS-ERM کو مؤثر طریقے سے کام کرنے کو یقینی بنانے میں DSP کے متعدد کردار ہیں، جیسا کہ فورم کے اراکین (نیز براہ راست کمیونٹیز سے) ڈیٹا مینجمنٹ اور فیصلہ سازوں کو رپورٹنگ، اداروں کے مابین ہم آہنگی اور تعاون کیلئے ضلع اور صوبے کی سطح پر ایڈووکیسی، فالواپ اور متعین میعاد (periodical) کی صورحال رپورٹس اور پالیسی بریف کی تیاری کے لیے آوازدو کو ڈیٹا کی رپورٹنگ۔

### 1.1 پیشگی وارننگ سسٹم اور فوری ردِ عمل کے طریقہ کار کا قیام

آوازدو کا ضلعی پارٹنر ادارہ اس بات کو یقینی بنائے گا کہ تمام فورمز آواز PMU کی طرف سے فراہم کردہ SOPs کے مطابق ترتیب دیے جائیں۔ EWS-ERM کے قیام کے لیے، DSP مندرجہ ذیل سرگرمیاں شروع کرے گا:


- ہر فورم پر EWS-ERM کے رکن کے طور پر دو فوکل پرسنز کی نشاندہی کرنا، جن میں ایک خاتون بھی شامل ہو، جو وارننگز وصول کریں اور فورم کے اراکین سے مشاورت کے بعد ان پر عملدرآمد کریں۔ یوں EWS-ERMs کا نظام چلانے کے لیے VF، AAC اور ضلع فورم میں دو فوکل پرسنز ہوں گے۔

یہ فوکل پرسنز فعال افراد (بشول عورتیں، مرد، خواجہ سرا افراد، مذہبی اقلیتی رکن) ہونے چاہئیں جو کہ:

I) اپنی برادریوں میں قابل اعتماد افراد کے طور پر جانے جاتے ہوں۔

II) کمیونٹی اور ضلع میں اثرورسوخ رکھتے ہوں اور ضلعی حکومت سے تعلق رکھنے والے یا مختلف پیشہ وارانہ شعبوں سے منسلک جیسا کہ وکلاء، ڈاکٹر، اساتذہ، اور CSO کے کارکن بھی ہو سکتے ہیں۔

- ان SOPs (سیکشن II) کے مطابق وارننگز وصول کرنے اور فوری رد عمل کی نشاندہی کرنے کے لیے شناخت شدہ فوکل پرسنز کو مقامی سطح پر تربیتی نشستوں کا اہتمام بھی کرنا ہوگا۔
- EWS-ERM فوکل پرسنز سے اپنے فون نمبرز اور نام مختلف مگر متعلقہ اداروں اور اہلکاروں کو مہیا کرنے کے لیے رضامندی حاصل کرنا۔
- متعلقہ اداروں اور اہلکاروں کے رابطہ نمبروں اور ناموں کے ساتھ معلومات کو ضلع اور لوگوں میں وسیع پیمانے پر پھیلانا تاکہ لوگ اپنے مسائل کے لیے ان سے رابطہ کر سکیں۔
- اس بات کو یقینی بنانا کہ پیشگی وارننگ اور رد عمل کا ڈیٹا ریکارڈ کیا گیا ہے اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے فالواپ کرنا کہ آیا ردِ عمل کا مطلوبہ نتیجہ حاصل ہو گیا ہے یا نہیں۔
- یہ نظام سول سوسائٹی کی تنظیموں اور سرکاری اداروں کے بیرونی نیٹ ورکس سے منسلک ہوگا، جو آواز فورمز کے رکن بھی ہیں۔ فوکل پرسن EWS-ERM کو چلائیں گے۔



ویلج فورم کی سطح پر EWS-ERM کے قیام کے لیے کمیونٹی کو متحرک کرنا

## 1.2 معلقہ اداروں اور اہلکاروں کے ساتھ ہم آہنگی اور تعاون

EWS-ERM عدم برداشت کے مسائل کو حل کرنے اور معاشرتی ہم آہنگی کو فروغ دینے کے لیے ایک ریفرل طریقہ کار کے طور پر کام کرتا ہے، لہذا، DSP متعلقہ اداروں اور اہلکاروں جیسا کہ سرکاری ادارے، سول سوسائٹی کی تنظیمیں اور AACs کے ذریعے کمیونٹی اہلکار، دیہی اور ضلعی فورمز کے اراکین کے ساتھ قریبی تعقات اور تعاون برقرار رکھے گا۔ ڈی ایس پی کے تعاون سے EWS-ERM مختلف سطحوں پر اداروں کے مابین تعاون اور ہم آہنگی کی سہولت فراہم کرے گا۔ عمل اور ردِ عمل کو تیز کرنے کے لیے اداروں کے مابین ہر سطح پر تعاون اور ہم آہنگی کی سہولت فراہم کرے گا۔ اس کی کامیابی کا انحصار موجودہ طریقہ کار اور وسائل کے ساتھ روابط بڑھانے کے لیے اہم اہلکاروں کے ساتھ اس کی قانونی حیثیت اور خوشگوار تعلقات قائم کرنے پر ہے۔ اسے نقصان سے بچانے کے لیے صنفی پس منظر اور تنازعے کے حوالے سے ایک حساس انداز میں مصروفِ عمل ہونے کی بھی ضرورت ہے۔

مندرجہ ذیل ٹیبل 1 EWS-ERM کا نظام چلانے کیلئے DSP کے کردار کے بارے میں تفصیلات فراہم کرتا ہے۔

| ٹیبل 1: ڈی ایس پی ٹیم کا کردار | |
|---|---|
| ڈیٹابیس کا انتظام اور متعلقہ اداروں کو رپورٹنگ | • ہر ڈی ایس پی اپنے آوازدو ضلع میں EWS-ERM قائم اور منظم کرے گا۔ DSPs؛ پروگرام مینیجرز، پراجیکٹ کوآرڈینیٹرز اور کمیونٹی سہولت کاروں کی بھرتی کریں گے، جو آوازدو کی تکنیکی ٹیم سے سماجی ہم آہنگی اور رواداری اور EWS-ERM کو چلانے کے لیے ان SOPs کی تربیت حاصل کریں گے۔<br>• معاشرتی ہم آہنگی اور ان SOPs پر تربیت کے بعد، ضلعی ٹیم AACs اور آواز فورم کے اراکین کے لیے تربیتی نشستیں شروع کرے گی۔<br>• EWS-ERM پر اعداد و شمار (ڈیٹا) اکٹھا کرنے کی نگرانی اور جائزہ۔<br>• اطلاع شدہ پیشگی وارننگز کے ڈیٹابیس کا انتظام کرنا، پیشگی وارننگ تیار کرنا اور انہیں متعلقہ اداروں مہیا کرنا۔<br>• اس بات کو یقینی بنانا کہ ممکنہ خطرات سے تحفظ اور عمومی حفاظت کے اصولوں کا مکمل نفاذ ہو۔ |
| فالو-اپ | • DFs کو بھیجی گئی وارننگز اور متعلقہ اداروں اور اہلکاروں کی طرف سے کیے گئے اقدامات کا فالواپ۔ |
| آواز PMU II کو ڈیٹا رپورٹنگ | • ضلعی سطح پر ماہانہ بنیادوں پر اطلاع دی گئی وارننگز کے ڈیٹا کا انتظام اور رپورٹنگ۔<br>• منتخب کیس اسٹڈیز / ERM کی مثالیں PMU کو مہیا کرنا۔<br>• DSPs اپنے متعلقہ ضلع (اضلاع) کی سیکورٹی کی نگرانی کرنے اور تشدد، بدامنی، کمزور گروہوں پر آفات کے اثرات، سماجی بد نظمی، بڑے پیمانے پر سول نافرمانی کی کارروائیوں اور سیاسی بحران وغیرہ کے ممکنہ محرکات کی PMU کو وقتاً فوقتاً (پندرہ روزہ) رپورٹیں جمع کروانے کے ذمہ دار ہوں گے۔ |
| ضلعی سطح پر ایڈووکیسی | • ضلع کی سطح پر متعلقہ اداروں اور اہلکاروں سے روابط استوار کرنا اور پالیسیوں کے نفاذ، نقصان سے بچاؤ اور مسائل کے حل کیلیے فوری اقدامات پر ان کے ساتھ گفت وشنید کرنا۔ |



اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ ہم آہنگی کے لیے میٹنگ

## 2. EWS-ERMمیں دیہی (ولیج) فورم کا کردار

فوکل پرسنز VF کی سطح پر EWS-ERM کو چلانے کے ذمہ دار ہیں۔ یہ SOPsاور معاشرتی ہم آہنگی کی تربیت لینے کے بعد، ہر VF کے فوکل پرسنز مندرجہ ذیل کام سرانجام دیں گے:

- صنفی امتیاز اور تشدد، مذہبی اقلیتوں کے لیے عدم برداشت، فرقہ وارانہ تقسیم اور خاندان کے اندرونی اور بیرونی تنازعات کے سلسلے میں پیشگی وارننگز کے لیے اعدادوشمار کی شناخت اور تشکیل میں معاونت کرنا۔
- ممکنہ حل کی نشاندہی کرنے، مقامی لازمی ڈھانچے کی نشاندہی کرنے اور VF کی سطح پر پیشگی وارننگز سے نمٹنے کے لیے فورم کے اراکین سے مشورہ کرنا۔
- VFکی سطح پر لیے گئے فوری ردِعمل کا ریکارڈ رکھنا اور ضلعی ٹیم کو مستقل بنیادوں پر مہیا کرنا۔

## 3. AAC کا کردار

- معاشرتی اور SOPs پر مقامی سطح پر تربیتی نشستوں کو منعقد کرنے میں ضلعی ٹیموں کی مدد کرنا جو EWS-ERM کو پیشگی وارننگز کی نگرانی اور رپورٹ کرنے کے لیے رضاکاروں کے نیٹ ورک کے طور پر کام کریں۔
- DSPکے ضلعی دفتر میں موجود ڈیٹابیس کو رپورٹ کرنے سے پہلے پیشگی وارننگز کی تصدیق کرنا۔
- VFاور DSPs/DF کے درمیان ایک پل کا کردار ادا کرنا۔
- کچھ وارننگز کے لیے مزید رہنمائی اور تجزیے کی ضرورت ہوسکتی ہے۔ لہٰذا AAC مزید اقدامات کرنے سے پہلے ضلعی ٹیم سے بھی مشورہ کرسکتا ہے۔
- EWS-ERMڈیٹابیس میں پیشگی وارننگ درج کرنا (برائے مہربانی انیکس بی (Annex-B) سے رجوع کریں)
- EWS-ERMکا ریکارڈ (database) مرتب کرنا اور اسے برقرار رکھنا اور ضلعی ٹیم کو رپورٹ کرنا۔
- متعلقہ اداروں اور اہلکاروں کی ریفرل ڈائریکٹریز کو برقرار رکھنا۔



ہم آہنگی اور سماجی ہم آہنگی کو فروغ دینے کیلئے بین المذہبی مکالمہ

## 4. آوازدو کے صوبائی پارٹنر اداروں کا کردار

صوبائی پارٹنر ادارے، صوبائی حکومت، CSOs کے ارا کین اور ماہرین کے ساتھ صوبائی فورم (PF) قائم کرنا۔

DF کسی بھی پیشگی وارننگ جس کے لیے صوبائی سطح پر گفت وشنید در کار ہو کو صوبائی پارٹنر کو بھجوا دے گا۔ PF پالیسی اقدامات اور پیدا ہونے والے مسائل کے ردِ عمل پر اثرانداز ہونے کے لیے صوبائی سطح پر متعلقہ اداروں اور اہلکاروں سے گفت وشنید کرے گا۔ صوبائی پارٹنر اس طرح کی وارننگز کا ریکارڈ بھی رکھے گا اور اس بات کو یقینی بنائے گا کہ صوبے کی سیکیورٹی کی با قاعدگی سے نگرانی کی جائے اور تشدد، بدامنی، کمزور گروہوں پر آفات کے اثرات، سماجی بدنظمی، بڑے پیمانے پر سول نافرمانی، سیاسی بحران وغیرہ کی کارروائیوں کے ممکنہ محرکات کے بارے میں PMU کو وقتاً فوقتاً (پندرہ روزہ) رپورٹس پیش کی جائیں۔

**ڈیٹا پروٹیکشن، سیف گارڈنگ اور کوالٹی کنٹرول**

برٹش کونسل / آوازدو ڈیٹا پروٹیکشن پالیسی کو مدِ نظر رکھتے ہوئے، یہ ایس او پیز صارفین کے لیے اخلاقی بنیادوں پر پورا اترنے، رازداری کے اصولوں پر عمل کرنے اور تحفظ کا مشاہدہ کرنے کے لیے وضاحت فراہم کرتے ہیں۔

## 5. ڈیٹا کا تحفظ

اعداد وشمار (ڈیٹا) کی حفاظت EWS-ERM کے ضروری اقدامات میں سے ایک ہے۔ آوازدو کے لیے وضع کیے گئے ڈیٹا کے تحفظ کے طریقوں پر آواز آگاہی سنٹر بھی عمل کرے گا جس کی تفصیل درج ذیل ہے۔

**خطرے کی تشخیص:** ذاتی اور حساس ڈیٹا کو محفوظ کیا جانا چاہیے۔ AAC اور DSP اس بات کو یقینی بنانا چاہیے کہ خفیہ اور ذاتی معلومات تک رسائی محدود رہے۔

**بیک اپس:** DSP آفس میں باقاعدگی سے ڈیٹا کا بیک اپ بنایا اور اپ ڈیٹ کیا جانا چاہیے تاکہ صارف کی غلطی یا تکنیکی خرابی کی وجہ سے ڈیٹا کو ضائع ہونے سے بچایا جاسکے۔ کم اہمیت کے ڈیٹا کیلئے اکثر بیک اپ کی ضرورت نہیں ہے۔ زیادہ اہمیت کے ڈیٹا کو دستیاب اور کم مہنگے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے ذخیرہ کیا جانا چاہیے۔

## 6. کوالٹی کنٹرول

کوالٹی کنٹرول کے لیے، ہر DSP پروگرام مینیجر اس بات کو یقینی بنائے گا کہ پروجیکٹ کوآرڈینیٹر تازہ ترین حالات سے باخبر ہے اور اسے باقاعدہ تربیت اور مدد مل رہی ہے۔ فورم کے ممبران جو EWS-ERM میں تربیت حاصل کرتے ہیں، EWS-ERM کو واقعات کی باقاعدہ رپورٹنگ کی حوصلہ افزائی کے لیے پروجیکٹ کوآرڈینیٹر کی طرف سے ہفتہ وار فالو اپ کالز کریں گے۔ اس کے علاوہ ان SOPs کو EWS-ERM کے معیار اور تاثر کو بہتر بنانے کے لیے تجزیوں، تاثرات اور تجربات کی روشنی میں باقاعدگی سے اپ ڈیٹ کیا جائے گا۔

# آوازدو

حقوق کی بات ۔شمولیت کے ساتھ